MAP-931a (U) 03/22/2019

# اختیاری PAY-IN پروگرام فاضل آمدنی والے افراد کے لیے (Urdu)

جن افراد کی آمدنی طبی اعانت (Medical Assistance) کی آمدنی کی حد سے زائد ہے وہ اب بھی طبی بلوں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ MAP-931، **فاضل آمدنی پروگرام کی وضاحت (Explanation of the Surplus Income Program)** بتاتی ہے کہ اگر آپ ہر مہینے اپنے وہ طبی بل لے کر آتے یا بھیجتے ہیں جو آپ کی فاضل آمدنی کی رقم کے برابر یا اس سے زائد ہو تو آپ کو کسی دیگر **آؤٹ پیشنٹ** طبی اخراجات کے لیے کوریج موصول ہو سکتا ہے جو اس مہینے میں طبی اعانت فراہم کنندہ کی جانب سے خرچ ہوا۔ ذیل میں دوسرا طریقہ بیان کیا گیا ہے جس کے ذریعہ آپ طبی اعانت کا کوریج حاصل کر سکتے ہیں۔

ہر مہینے اپنے طبی بل لے کر آنے یا ڈاک سے بھیجنے کے بجائے، آپ حد سے زائد اپنی آمدنی کی رقم ہمیں ادا کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ہمیں یہ رقم ادا کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کو اس مہینے کے لیے آؤٹ پیشنٹ کوریج دیا جائے گا جس مہینے کے لیے آپ ادائیگی کر رہے ہیں اور آپ کو طبی بل عائد ہونے تک انتظار نہیں کرنا ہوگا۔ اگر آپ کل چھ مہینے کی فاضل آمدنی ادا کرتے ہیں تو آپ کو اس چھ ماہ کی مدت کے لیے آؤٹ پیشنٹ اور ان پیشنٹ کوریج دیا جائے گا۔ آپ کو کوریج مل جانے پر، آپ کو اپنے ڈاکٹر یا دیگر طبی فراہم کنندہ سے خدمات حاصل کرنے کے لیے اپنا طبی اعانت کارڈ استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کو خدمت موصول ہونے سے قبل یقینی طور پر یہ معلوم ہونا چاہیے کہ فراہم کنندہ طبی اعانت پروگرام کی جانب سے ادائیگیاں قبول کرتا ہے۔

اگر آپ اپنی فاضل آمدنی ہمیں ادا کرتے ہیں اور پھر ان طبی خدمات کے لیے بل پاتے یا ادا کرتے ہیں جس کی تلافی طبی اعانت سے نہیں ہوتی ہے (مثلا، کیرو معالج کی خدمات) تو ہم آپ کو ایک ریفنڈ دیں گے یا ہم آپ کو اگلے دستیاب غیر محیط مہینے کے ضمن میں کریڈٹ دیں گے۔ آپ کو کریڈٹ یا ریفنڈ پانے کے واسطے ادا شدہ یا غیر ادا شدہ بل لے کر ہمارے پاس آنا یا ہمیں بھیجنا ضروری ہے۔

یاد رکھیں، ہم کسی بھی ایسے بل یا بل کے حصے کے لیے آپ کو ادائیگی نہیں کریں گے یا کریڈٹ نہیں دیں گے جو **Medicare** یا آپ کے پاس موجود دیگر صحت بیمہ کے ذریعہ محیط ہے۔

اگر آپ اپنی فاضل آمدنی ہمیں ادا کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو وقتاً فوقتاً ہم ان تمام دعووں کی رقم کا جائزہ لیں گے جو ہم نے آپ کے لیے ادا کی ہے اور اس رقم کا موزانہ آپ کی ادا کردہ رقم سے کریں گے۔ اگر آپ نے اس سے زیادہ ادائیگی کردی ہے جتنی آپ کو ادا کرنی چاہیے تو ہم یا تو آپ کو ریفنڈ دیں گے یا دوسرے مہینے میں کوریج کے لیے آپ کو کریڈٹ دیں گے۔ ہم یہ فیصلہ آپ کے حالات کی بنیاد پر کریں گے۔

آپ کو پے ان پروگرام میں حصہ لینے کا فیصلہ کرنے سے قبل درج ذیل پر غور کرنا چاہیے:

1. جب تک آپ کو یہ نہ معلوم ہو کہ آپ کو کسی مہینے میں طبی خدمات درکار ہوں گی تب تک آپ کو اس مہینے اپنی فاضل آمدنی ہمیں ادائیگی کرنا آپ کے لیے فائدہ مند **نہیں** ہے۔
2. اگر آپ کسی مدت کے لیے اپنی فاضل آمدنی ادا کرتے ہیں اور پھر اپنا طبی اعانت کارڈ استعمال نہیں کرتے ہیں تو ہمیں آپ کو ریفنڈ یا کریڈٹ دینے میں کم از کم ایک سال لگ سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں انتظار کرکے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ آیا اس مدت کے لیے آپ کے لیے کسی دعوے کی ادائیگی کی گئی ہے۔
3. اگر آپ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ اپنی فاضل آمدنی ہمیں ادا کرنا چاہتے ہیں تو آپ ہر مہینے یا صرف اس مہینے میں ایسا کر سکتے ہیں جس مہینے میں آپ کو معلوم ہے کہ آپ کو طبی خدمات درکار ہوں گی۔ اگر آپ چاہیں تو آپ ایک بار میں ایک ماہ سے زائد، لگاتار چھ ماہ تک کے لیے ہمیں ادائیگی کر **سکتے** ہیں۔ تاہم، اگر آپ اپنی فاضل آمدنی ہمیں ادا کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں اور پھر آپ لگاتار تین مہینے تک ہمیں کوئی ادائیگی نہیں کرتے ہیں تو آپ کو آپ کا کیس بند کرنے کے ہمارے ارادے کا ایک نوٹس مل سکتا ہے۔ آپ طبی اعانت کے لیے دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں اگر آپ کو کم از کم اپنی فاضل آمدنی کے برابر خرچ ہوتا ہے یا طبی اخراجات ہونے کی توقع ہے اور آپ کوریج حاصل کرنے کے لیے ادائیگی کرنے یا بلوں کو جمع کروانے کے خواہاں ہیں۔

کچھ حالات میں، Medicaid پروگرام سپلیمنٹل نیڈز ٹرسٹ (Supplemental Needs Trust) میں ڈالی گئی آمدنی کو شمار نہیں کرتا ہے۔ براہ مہربانی منسلکہ "Medicaid اہلیت پر ٹرسٹ کے اثرات کی وضاحت" کا مطالعہ کریں۔ یہ معلومات محکمہ صحت کی ویب سائٹ: http://health.ny.gov/health_care/medicaid/index.htm#trusts پر بھی دستیاب ہے۔

**اگر آپ طبی اعانت کے لیے ہمارے ذریعہ اپنی اہلیت کا تعین کیے جانے کے وقت اپنے وسائل کا ثبوت فراہم نہیں کرتے ہیں تو آپ طویل مدتی نگہداشت کی خدمات کے کوریج کے لیے اہل نہیں ہوں گے۔**

**اگر آپ کو اس خط کو سمجھنے میں مدد درکار ہو یا اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہو تو براہ کرم HRA Medicaid Helpline کو 1-888-692-6116 پر کال کریں۔**

**کیا آپ کو طبی یا دماغی صحت کی پریشانی یا معذوری لاحق ہے؟** کیا اس پریشانی کی وجہ سے آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا

یا اس نوٹس میں جو کچھ کرنے کو کہا جا رہا ہے اسے انجام دینا مشکل ہوتا ہے؟ کیا اس پریشانی کی وجہ سے آپ کے لیے HRA میں دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں 4640-331-212 پر کال کریں۔ آپ HRA دفتر جا کر بھی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔

## Medicaid اہلیت پر ٹرسٹ کے اثرات کی وضاحت

### ٹرسٹ کیا ہے؟

ٹرسٹ ایک قانونی ادارہ ہے جس کے ذریعہ فرد اپنے اثاثوں کا اختیار کسی دوسرے شخص (متولی) کو دیتا ہے جو ٹرسٹ کے خالق کی ہدایات کے مطابق رقم کی ادائیگی کرتا ہے۔ ایک ٹرسٹ رکھ سکتا ہے:

- نقد یا دیگر رواں اثاثے؛ **اور**
- حقیقی یا ذاتی جائیداد جس کو نقدی میں تبدیل کیا جا سکے۔

**کونسی چیزیں اثاثوں میں شمار ہوتی ہیں اور ٹرسٹ قائم کرنے میں استعمال ہوتی ہیں؟**

ٹرسٹ میں رکھے گئے اثاثوں میں آمدنی، جمع کردہ وسائل، اور حقیقی جائیداد شامل ہیں۔

**ٹرسٹ کس طرح میرے Medicaid فوائد پر اثرانداز ہوتا ہے؟**

بطور عمومی اصول، اگر آپ 1 جنوری، 2000 کو یا اس کے بعد ٹرسٹ قائم کرنے کے لیے اپنے اثاثے استعمال کرتے ہیں، تو Medicaid اہلیت کا تعین کرنے کے لئے تمام یا ٹرسٹ اثاثوں کا کچھ حصہ آپ کے وسائل کے طور پر شمار کیا جائے گا۔

- **قابل تنسیخ** ٹرسٹ کی صورت میں، پورا ٹرسٹ آپ کا وسیلہ ہوتا ہے۔
- **ناقابل تنسیخ** ٹرسٹ کی صورت میں، اگر کوئی ایسی صورت ہے کہ آپ کو یا آپ کے فائدہ کے لئے ادائیگی کی جا سکے، تو ادائیگی کرنے والا ٹرسٹ کا جزو آپ کا وسیلہ ہو گا۔

**کیا ان شماریاتی اصولوں میں کوئی استثنی ہے؟**

چند استثنی ہیں جن کا اطلاق ہوتا ہے:

- خصوصی ضروریات کے ٹرسٹ (بعض اوقات اضافی ضروریات کا فنڈ کہلاتا ہے) 65 سال سے کم عمر مستند معذور شخص کے فائدہ کے لئے قائم کیا جاتا ہے۔ خصوصی ضروریات کے ٹرسٹ میں ہونا چاہیئے:
  - فرد کے اپنے اثاثوں سے قائم کرنا چاہیئے؛ **اور**
  - معذور شخص، معذور شخص کے والدین، دادا یا نانا، یا قانونی سرپرست، یا عدالت کو قائم کرنا چاہیئے؛ **اور**
  - واضح عبارت شامل ہو کہ معذور شخص کی وفات پر، Medicaid کی طرف سے فرد کو دی گئی رقم کے برابر رقم، ریاست ٹرسٹ میں موجود بقایا رقم سے وصول کرے گی۔
- وفاقی ٹرسٹس کسی بھی عمر کے مستند معذور شخص کے فائدہ کے لئے قائم کیا جاتا ہے۔ "وفاقی ٹرسٹ" متصور کیا جائے گا:
  - غیر منافع بخش تنظیم ٹرسٹ کو قائم کرے اور سنبھالے؛
  - ہر شخص جس کے اثاثے وفاقی ٹرسٹ میں شامل ہیں ٹرسٹ ان کے لئے علیحدہ اکاؤنٹس کا بندوبست کرے،لیکن ٹرسٹ فنڈز کی سرمایہ کاری اور انتظام کے لئے ان کھاتوں کو یکجا کر دے؛
  - ٹرسٹ فرد کے ذاتی اثاثوں سے قائم کرنا چاہیئے؛
  - ٹرسٹ میں معذور شخص کا کھاتہ خود معذور شخص، معذور شخص کے والدین، دادا /نانا یا قانونی سرپرست، یا عدالت کو قائم کرنا چاہیئے؛ **اور**
  - ٹرسٹ میں واضح عبارت شامل ہونی چاہیئے کہ معذور شخص کی وفات پر، Medicaid کی طرف سے فرد کو دی گئی رقم کے برابر فنڈ،جو غیر منافع بخش تنظیم کے قبضے میں نہیں ہیں ریاست کو جائیں گے۔

اگر یہ بیان کردہ معیار پر پورا اترتے ہیں تو Medicaid خصوصی ضروریات کے ٹرسٹ یا وفاقی ٹرسٹ میں اثاثوں کو شمار نہیں کرے گی۔ ٹرسٹ کی ان اقسام میں سے کسی ایک میں براہ راست جانے والی یا وصول کرنے کے بعد ٹرسٹ میں رکھی جانے والی آمدنی، بطور آمدنی شمار نہیں ہوتی ہے۔ ٹرسٹ میں رکھی جانے والی آمدنی کی تصدیق درکار ہوتی ہے۔ معذور شخص کو بانٹے گئے ٹرسٹ کے کوئی بھی اثاثے آمدنی میں شمار ہوتے ہیں۔

**ٹرسٹ کے قیام کے بعد میں مقامی ضلعی سماجی خدمات سے کس طرح اپنی آمدنی کے دوبارہ تخمینہ (بجٹ) کی درخواست کر سکتا / سکتی ہوں؟**

آپ کو ٹرسٹ کی ایک نقل مقامی ضلعی سماجی خدمات کو مہیا کرنا ہو گی۔ آپ کو ہر ماہ ٹرسٹ میں رکھی جانے والی ماہانہ آمدنی کی رقم ظاہر کرنے والا تحریری گوشوارہ شامل کرنا ہو گا۔

**ٹرسٹ کی رقم جو میرے وسائل میں شامل نہیں ہے کس طرح میرے Medicaid فوائد پر اثرانداز ہوتی ہے؟**

- **ٹرسٹ** کی طرف سے آپ کو براہ راست ادا کی جانے والی رقم بطور آمدنی شمار ہوتی ہے۔
- آپ کے فائدہ (مثلاً، خوراک، پناہ، ٹیلیفون بل، تعلیم، تفریح، وغیرہ)کے لئے براہ راست کسی اور کو ادا کی جانے والی رقم بطور آمدنی شمار نہیں ہو گی۔

**مجھے ٹرسٹ قائم کرنے کے متعلق مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟**

اگر آپ ٹرسٹ قائم کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو آپ کو وکیل یا مالیاتی مشیر سے مشورہ کرنا چاہیئے۔ اپنے مقامی قانونی معاونت یا قانونی خدمات کے دفتر میں کال کر کے آپ کو مفت وکیل کی سہولت مل سکتی ہے۔ دوسرے وکلا کے ناموں کے لئے، اپنے مقامی یا ریاستی بار ایسوسی ایشن میں کال کریں۔

اگر آپ مختار عام پاور آف اٹارنی (Power of Attorney, POA) کے زریعے ٹرسٹ قائم کر رہے ہیں، تو POA کے تحت ملنے والے اختیارات میں تحفے بنانے کی اجازت شامل ہونی چاہیئے۔

**نوٹ:** نیز، شادی شدہ یا غیر شادی شدہ افراد کے لئے،کمیونٹی میں رہتے ہوئے ٹرسٹ کو دینے کے لئے آپ جو اثاثے استعمال کرتے ہیں اور جنہیں ہم شمار نہیں کر سکتے، وہ آپ کی جانب سے طویل المدت نرسنگ ہوم دیکھ بھال کی لاگت میں لازمی دی جانے والی رقم کا تعین کرنے میں شمار ہو گی۔ اثاثے فراہمی کی منتقلی کے تحت ٹرسٹ کو دینے یا لینے میں اضافی اصولوں کا اطلاق ہوتا ہے۔

اگر آپ شادی شدہ ہیں اور ما بعد اہلیت اصول (مثلاً آپ Medicaid کے طویل المدت نگہداشت منصوبہ میں شامل ہیں) کے ساتھ آپ کی Medicaid اہلیت کا تعین زوج مفلسی بجٹ کے تحت کیا جاتا ہے، ٹرسٹ میں رکھی گئی کوئی بھی آمدنی آپ کی اہلیت کے تعین میں شمار ہو گی۔

یہ عمومی معلومات ہیں۔
مزید معلومات کے لئے
1-800-541-2831 پر کال کریں